سوال

(124) نماز میں تعوذ کے الفاظ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

قرآءت سے قبل (نماز میں یا غیر نماز میں) مسنون تعوذ کے الفاظ کون سے ہیں؟ کیا صرف "اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم" اس موقع پر کافی و مسنون ہے؟ (ایک سائل)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

قرآءت سے قبل ایک مسنون تعوذ درج ذیل ہے۔

"أَعُوذُ بِاللَّهِ السَّمِيعِ الْعَلِيمِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ مِنْ هَمْزِهِ وَنَفْخِهِ وَنَفْثِهِ" (سنن ابی داود 775 وسندہ صحیح) درج ذیل تعوذ پڑھنا بھی صحیح ہے۔"

"اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم" دیکھئے صحیح بخاری (6115) صحیح مسلم (2610، ترقیم دارالسلام: 6646) کتاب الام للامام لاشافعی (1/107) اور مختصر صحیح نماز نبوی (ص 11 فقرہ نمبر 6 کا حاشیہ) (شہادت اپریل 2004ء)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاوی علمیہ

جلد 1۔ کتاب الصلاة۔ صفحہ 304

محدث فتویٰ